AQF / Shabbir

19-08-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................... اسعداللہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

- ☆ وزیراعظم نریندر مودی نے اگلے سلسلے کی اصلاحات کے خاکے کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔
- ☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے چین کے اپنے ہم منصب سے کہا کہ ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف لڑائی، بھارت کی اولین ترجیح ہے۔
- ☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ یوکرین میں جنگ ختم کرنے میں مدد کرنے کیلئے روس اور یوکرین کے صدور کے درمیان بالمشافہ بات چیت کرائیں گے۔
- ☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے کرناٹک، گجرات، وسطی مہاراشٹر، کونکن اور گوا میں آج انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔
- ☆ بھارت کے گریش گپتا نے قزاقستان کے Shymkent میں جاری 16ویں ایشائی نشانے بازی چیمپین شپ میں مردوں کے دس میٹر کے ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔
- ☆ اور ٹینس میں Carlos Alcaraz نے بیماری کے سبب Jannik Sinner کے ریٹائر ہونے کے بعد Cincinnati اوپن کا اپنا پہلا خطاب جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-HIGH LEVEL MEETING

وزیر اعظم نریندر مودی نے اگلے سلسلے کی اصلاحات کے خاکے کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں رہن سہن کو بہتر بنانے، کاروبار کرنے میں آسانی کو فروغ دینے اور سبھی کی شمولیت والی ترقی اور خوشحالی کو آگے بڑھانے کے اقدامات پر توجہ مرکوز کی گئی۔ حکام نے وزیر اعظم کو حکمرانی کو آسان بنانے، اقتصادی ترقی کو مضبوط کرنے اور شہریوں کو براہِ راست فائدہ پہنچانے کو یقینی بنانے کے اقدامات کے بارے میں واقف کرایا۔

اعلیٰ سطح کی یہ میٹنگ وزیر اعظم کے یومِ آزادی کے خطاب کے بعد منعقد ہوئی، جس میں انہوں نے GST اصلاحات اور ٹیکس کے بوجھ کو کم کرنے کی صورت میں ''دیوالی تحفہ'' دینے کا وعدہ کیا تھا۔

**S/B PM GST Relaxation**

میٹنگ کے بعد وزیر اعظم نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ حکومت تمام شعبوں میں تیز رفتار اصلاحات نافذ کرنے کیلئے پُرعزم ہے، جن کا مقصد رہن سہن کو بہتر بنانا، کاروبار کرنے میں آسانی کو فروغ دینا اور مجموعی طور پر خوشحالی کو یقینی بنانا ہے۔ اس میٹنگ میں وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، سڑک اور ٹرانسپورٹ کے وزیر نتن گڈکری، وزیر زراعت شیو راج سنگھ چوہان، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور وزیر تجارت پیوش گوئل نے شرکت کی۔ اس میٹنگ کا مقصد ایسی حکمتِ عملی وضع کرنا تھا جو بھارت کی معیشت کو مستحکم کرے، بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنائے اور حکمرانی کو مضبوط کرے۔x

**EAM-TERRORISM**

وزیرِ خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ موجودہ بین الاقوامی ماحول عالمی معیشت میں استحکام کو برقرار رکھنے اور بڑھانے کو ضروری بناتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بھارت ایک منصفانہ، متوازن اور کثیر قطبی عالمی نظام چاہتا ہے اور کہا کہ اصلاح شدہ کثیر سطحیت، وقت کی ضرورت ہے۔

وزیرِ خارجہ نے بھارت کے دورے پر آئے ہوئے چین کے وزیرِ خارجہ Wang Yi کے ساتھ بات چیت کی اور اس بات کو اجاگر کیا کہ ہر طرح کی دہشت گردی کے خلاف جنگ بھارت کی اولین ترجیح ہے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی گفتگو میں وسیع موضوعات کا احاطہ کیا گیا، جن میں اقتصادی اور تجارتی تعلقات، یاتریوں کے سفر، عوام سے عوام کے روابط، دریاؤں کے اعداد و شمار کا باہمی تبادلہ، سرحدی تجارت، رابطہ کاری اور دوطرفہ تبادلے شامل تھے۔ جناب جے شنکر نے کہا کہ بھارت-چین تعلقات میں تین باہمی امور: احترام، احساس اور باہمی مفاد کی رہنمائی ہونی چاہیے۔

**Jaishankar 3 Mutuals**

انہوں نے مزید کہا کہ اختلافات کو تنازعات میں نہیں بدلنا چاہیے اور نہ ہی مسابقت کو تصادم میں تبدیل ہونا چاہیے۔ بھارت کی سکیورٹی سے متعلق خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے جناب جے شنکر نے اجاگر کیا کہ ملک کو اب بھی سرحد پار دہشت گردی کا سامنا ہے، جسے بڑی حد تک پاکستان کی حمایت اور سرپرستی حاصل ہے، جو کہ چین کا قریبی اتحادی ہے۔

**Null : 0815 Jaishankar Terror-1**

میٹنگ کے نتائج کے بارے میں اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے جناب جے شنکر نے کہا کہ بات چیت سے بھارت اور چین کے درمیان ایک مستحکم، باہمی طور پر معاون اور بہتر تعلقات کی راہ ہموار ہوگی، جو ہمارے مسائل کو حل کرے گی۔x

**CHINA-FM DOVAL TALKS**

چین کے وزیر خارجہ Wang Yi آج قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کے ساتھ سرحدی معاملے پر خصوصی نمائندوں کے درمیان ہونے والی 24ویں دور کی بات چیت میں شرکت کریں گے۔ چین کے وزیر خارجہ آج وزیر اعظم نریندر مودی سے بھی ملاقات کریں گے۔ حکام کے مطابق قومی سلامتی کے مشیر کے ساتھ میٹنگ میں کئی امور پر بات چیت متوقع ہے جن میں سرحد کی صورتحال، تجارت اور فضائی خدمات کی بحالی کا امکان شامل ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ یہ میٹنگ بہت اہم ہے کیونکہ دونوں ممالک کے تعلقات میں کسی بھی مثبت پیش رفت کی بنیاد سرحدی علاقوں میں امن و سکون کو مشترکہ طور پر برقرار رکھنے کی صلاحیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھی ضروری ہے کہ کشیدگی کم کرنے کے عمل کو آگے بڑھایا جائے۔ یہ میٹنگ وزیر اعظم مودی کے اس ماہ کے آخر میں چین کے دورے سے قبل ہو رہی ہے، جہاں وہ Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔x

**INDIA-RADHAKRISHNAN**

نائب صدر کے عہدے کے لیے NDA کے امیدوار سی پی رادھا کرشنن کل اپنے کاغذات نامزدگی داخل کریں گے۔ قومی راجدھانی میں جناب رادھا کرشنن کے پہنچنے کے بعد کل نئی دلی میں NDA کے ایوان کے لیڈروں کے ساتھ ایک تعارفی میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے بعد نئی دلی میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ NDA کے تمام رہنما پرچہ بھرنے کے عمل میں حصہ لیں گے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ NDA پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ آج منعقد ہوگی، جس میں نائب صدر کے عہدے کے لیے NDA کے امیدوار، سی پی رادھا کرشنن سے تمام رہنماؤں کا باضابطہ تعارف کرایا جائے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام سیاسی پارٹیاں نائب صدر کے عہدے کے لیے جناب رادھا کرشنن کی حمایت کریں گی۔x

**TRUMP-ZELENSKY MEETING**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ وہ یوکرین میں جنگ بندی میں مدد کیلئے روسی اور یوکرینی صدور کے درمیان بالمشافہ بات چیت کا بندوبست کریں گے۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم Truth پر کہا کہ انہوں نے کل رات وہائٹ ہاؤس میں یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی اور دیگر یوروپی رہنماؤں کی میزبانی کے بعد روسی صدر ولادیمیرپوتن سے بات کی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Yashashvi

*امریکی صدر نے کہا ہے کہ انہوں نے صدر پوتن اور یوکرینی رہنما زیلنسکی کے درمیان میٹنگ*

کیلیئے انتظامات کا آغاز کردیا ہے۔ٹرمپ نے کہا کہ پوتن اور زیلنسکی کے درمیان بات چیت کے بعد سہ فریقی میٹنگ ہوگی، جس میں وہ خود اور ان کے دونوں ہم منصب شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ نائب صدر جے ڈی وینس، وزیر خارجہ مارکو روبیو اور خصوصی ایلچی اسٹیو وِٹکوف اس سلسلے میں ماسکو اور کیف کے ساتھ کوآرڈی نیٹ کررہے ہیں۔ زیلنسکی اور یوروپی رہنماؤں کے ساتھ اپنی میٹنگ کے دوران ٹرمپ نے پوتن سے بات کرنے کیلیئے ایک مختصر وقفہ لیا۔ پوتن نے ٹرمپ سے کہا کہ وہ زیلنسکی سے ملاقات کیلیئے تیار ہیں۔کل رات ٹرمپ نے زیلنسکی، برطانیہ کے وزیراعظم Keir Starmer، فرانسیسی صدر ایمنوئیل میخوا، اٹلی کی وزیراعظم Giorgia Meloni، جرمنی کے چانسلر Friedrich Merz، فِنلینڈ کے صدر Alexandr Stubb، نیٹو کے سربراہ Mark Rutte اور یوروپی کمیشن کی سربراہ Ursula Von Der Loyen کی میزبانی کی تھی۔

Yashashvi کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں......

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**TRUMP-EU PRAISES**

یوروپی رہنماؤں نے اپنی اور یوکرین کے صدر ولادیمیرزیلنسکی کی وہائٹ ہاؤس میں میزبانی کرنے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے اِسے یوکرین میں جنگ ختم کرنے کی سمت ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ میٹنگ کے دوران ٹرمپ نے زیلنسکی کو ''بہترین تحفظ اور سلامتی'' کی یقینی دہانی کرائی۔ انہوں نے یوکرین کی ٹھوس سکیورٹی گارنٹی کے مطالبے کے جواب میں یہ بات کہی۔ برطانیہ کے وزیر کیئراسٹارمر نے کہا کہ یہ میٹنگ یوروپی سلامتی کیلیئے ایک 'تاریخی قدم' ہوسکتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ٹرمپ کی پیشکش نیٹو کی دفعہ-پانچ کے اجتماعی دفاع جیسی ہے۔ نیٹو کے سربراہ Rutte نے سکیورٹی کی ضمانت کیلیئے ٹرمپ کی حمایت کو ایک 'کامیابی' قرار دیا۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے کرناٹک، گجرات، وسطی مہاراشٹر، کونکن اور گوا میں آج انتہائی شدید بارش کیلیئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے چھتیس گڑھ، کیرالہ، ماہے، تلنگانہ اور وِدربھ کے علاقوں میں بھی شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے مزید کہا کہ ساحلی آندھراپردیش، مشرقی راجستھان، ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، لداخ،

گلگت-بلتستان- مظفرآباد اور ملک کے شمال مشرقی علاقوں میں شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مدھیہ پردیش، مراٹھواڑہ، اڈیشہ اور اتراکھنڈ میں بھی آج اسی طرح کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا کہ ملک کے جنوبی جزیرہ نما علاقوں اور ملحقہ وسطی علاقوں میں اگلے تین سے چار روز کے دوران مانسون کے سرگرم رہنے کا امکان ہے۔×

## J&K-WEATHER

جموں وکشمیر میں حکومت نے عوام اور حکام سے بارش کے پیشِ نظر چوکس رہنے اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل کی ہے۔ موسمیات کے مقامی محکمے نے شدید بارش، سیلاب اور لینڈسلائڈنگ کی جموں ڈویژنل میں پیشگوئی کی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Gulshan Raina**

*مقامی موسمیات محکمے کی ایڈوائزری کے بعد حکومت نے ڈپٹی کمشنر، سینئر افسران اور انجینئر کو ہائی الرٹ اور چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے۔ ضلعی حکام سے کہا گیا ہے کہ وہ امدادی کیمپوں کی تیاریوں کو یقینی بنائیں اور حساس علاقوں میں ادویات، کھانے پینے کی اشیاء اور صاف پینے کا پانی کا ذخیرہ کریں۔ پولیس، دفاعی افسران اور مقامی رضاکاروں کے ساتھ قریبی تال میل سے کام کریں۔*

*جموں وکشمیر سے این گلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

## NHAI TOLL PLAZA

قومی شاہراہوں سے متعلق بھارتی اتھارٹی NHAI نے میرٹھ-کرنال شاہراہ پر Bhuni ٹول پلازہ پر فوجی اہلکار کے ساتھ غلط برتاؤ کرنے پر Toll ٹیکس وصول کرنے والی ایجنسی کے خلاف سخت کارروائی کی ہے۔ NHAI نے Toll وصول کرنے والی ایجنسی پر 20 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ x

## SHOOTING GOLD

بھارت کے گریش گپتا نے قزاخستان کے شہر Shymkent میں جاری 16 ویں ایشیائی شوٹنگ چمپئن شپ کے 10 میٹر ایئر پسٹل مردوں کے یوتھ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ 17 سالہ کھلاڑی نے فائنل میں 241 اعشاریہ تین کا شاٹ لگایا اور اپنے ہم وطن کھلاڑی 14 سالہ دیو پرتاپ سے آگے نکل گئے، جنہوں نے 238 اعشاریہ چھ کا شاٹ لگا کر چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ Kapil Bainsla نے مردوں کے جونیئر ایئرپسٹل میں سونے کا تمغہ جیتا اور مردوں کی سینئر اور جونیئر دونوں ٹیموں نے چاندی کے تمغے حاصل کئے۔×

**TENNIS CINCINNAT OPEN**

ٹینس میں عالمی نمبر دو Carlos Alcaraz نے اپنا پہلا Cincinnati اوپن کا خطاب جیت لیا۔ دفاعی چمپئن عالمی نمبر ایک Jannik Sinner بیماری کی وجہ سے میچ سے ہٹ گئے تھے، اس وقت وہ پہلے سیٹ میں صفر-پانچ سے پیچھے تھے۔ فائنل میچ صرف 22 منٹ تک ہی جاری رہا، جب Sinner نے ڈاکٹر کو طلب کیا اور میچ میں شکست تسلیم کرلی۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... عبدالواحد

شکریہ - محمدعمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے، نائب صدر جمہوریہ کے بلامقابلہ انتخاب کی کوشش، NDA کے امیدوار کو نتیش کمار کی حمایت حاصل۔ اخبار انقلاب لکھتا ہے کہ وزیراعظم مودی سے روسی صدر کی گفتگو، وزیراعظم نے کہا کہ یوکرین کا مسئلہ پرامن طریقے سے حل ہونا چاہئے، بھارت ہمیشہ سے امن کا حامی ہے۔ جے شنکر کی چین کے وزیر خارجہ سے ملاقات، امن وہم آہنگی قائم رکھنے پر اتفاق، اس خبر کو پرتاپ سمیت دیگر اخباروں نے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

GST اصلاحات کے اعلان کے بعد حصص بازار میں تیزی، اخبار ملاپ نے اسے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ خلائی پروگرام، بھارت کا سفر اسی طرح جاری رہے گا، اسے کوئی نہیں روک سکتا، اخبارات نے سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر جتیندر سنگھ کے اس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ اسرائیلی حملے میں مزید 77 فلسطینی ہلاک، سیکڑوں زخمی۔

☆ حماس نے مصر اور قطر کی ثالثی میں جنگ بندی کی نئی تجویز قبول کرلی۔

☆ نائیجیریا کی ریاست سوکوتو میں کشتی پلٹنے سے 40 افراد لاپتہ۔

☆ IAEA سے مذاکرات جاری رکھنے کا ایران کا اعلان۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

- ☆ وزیراعظم نریندر مودی نے اگلے سلسلے کی اصلاحات کے خاکے کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔
- ☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے چین کے اپنے ہم منصب سے کہا کہ ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف لڑائی، بھارت کی اولین ترجیح ہے۔
- ☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ یوکرین میں جنگ ختم کرنے میں مدد کرنے کیلئے روس اور یوکرین کے صدور کے درمیان بالمشافہ بات چیت کرائیں گے۔
- ☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے کرناٹک، گجرات، وسطی مہاراشٹر، کونکن اور گوا میں آج انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔
- ☆ بھارت کے گریش گپتا نے قزاقستان کے **Shymkent** میں جاری 16ویں ایشائی نشانے بازی چیمپین شپ میں مردوں کے دس میٹر کے ایئر پسٹل مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔
- ☆ اور ٹینس میں **Carlos Alcaraz** نے بیماری کے سبب **Jannik Sinner** کے ریٹائر ہونے کے بعد **Cincinnati** اوپن کا اپنا پہلا خطاب جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------